MEMBERS APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified پاکستان کا کثیر الاشاعت اخبار
کوئٹہ، گوادر، جب اسلام آباد، کراچی اور پشاور سے بیک وقت شائع ہونیوالا اردو روزنامہ

روزنامہ
عسکر انٹرنیشنل اسلام آباد
چیف ایڈیٹر
سید فاروق شاہ

جلد 12 | 23 جنوری، بروز بدھ 14462025ء (صفحات 4) قیمت 10 روپے | شمارہ 240

جوڈیشل کمیشن پر نہیں ان کی حرکتوں پر اعتراض ہے، خواجہ آصف

یہ آج 9 مئی اور 26 نومبر کا کمیشن مانگ رہے ہیں جبکہ 9 مئی کا مسئلہ حل ہو چکا ہے، پی ٹی آئی پر اعتبار کرنا مشکل ہے، میں مذاکرات کے حق میں ہوں لیکن مذاکرات ایسے نوٹ پر ختم ہونے چاہئیں

جس سے پی ٹی آئی پر اعتبار کیا جاسکے، بانی پی ٹی آئی ناقابل اعتبار ہیں، ایلون مسک پاکستان کے خلاف اچھی زبان استعمال نہیں کرتا، ہمارا امریکا کے ساتھ ایک تعلق ہے، ہمیں اس کی مناسبت سے اپنا تعلق دیکھنا ہے

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ ہمیں اعتراض جوڈیشل کمیشن پر نہیں بلکہ ان کی حرکتوں پر ہے، 2013 کے انتخابات میں 35 پنکچر سے لیکر فارم 47 تک سب کو جوڈیشل کمیشن میں کرلیں، اس کمیشن میں سب دھرنے بھی آجائیں، 9 مئی اور 26 نومبر بھی شامل ہو۔ خواجہ آصف نے پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میں نے بار بار کہا ہے کہ ہم میں سے کسی کو بھی

(بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

الیکشن کمیشن کا کسی ایک سیاسی جماعت کی طرف جھکا کا تاثر غلط ہے، ترجمان کی وضاحت

الیکشن کمیشن نے عادل بازئی کی قومی اسمبلی کی رکنیت سے نااہلی کے فیصلے کو دوبارہ ویب سائٹ پر آویزاں کردیا

اسلام آباد (آئی این پی) الیکشن کمیشن کے

(بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں تعلیم کا ساتواں عالمی دن کل منایا جائے گا

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں تعلیم کا ساتواں عالمی دن کل 24 جنوری جمعہ کو منایا جائے گا، یہ دن منانے کا مقصد امن وترقی کے لیے تعلیمی اہمیت کو فروغ دینا تھا۔ اس دن کے حوالے سے ملک بھر میں تقریبات کا اہتمام کیا جائے

(بقیہ نمبر صفحہ 3 پر)

وزیراعظم کا ماننے سے انکار، ئے متبادل پلان کی ہدایت

شارٹ فال پورا کرنے کیلئے آئی ایم ایف کا منی بجٹ لانے کا مطالبہ

اسلام آباد (آئی این پی) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے شارٹ فال پورا کرنے کیلئے منی بجٹ لانے کا مطالبہ کردیا تاہم وزیراعظم شہباز شریف نے مطالبہ مسترد کرتے ہوئے متبادل پلان کی ہدایت کردی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق جولائی سے دسمبر ٹیکس ہدف میں 385 ارب روپے کے شارٹ فال کا سامنا ہے، جس کے بعد آئی ایم ایف نے ریونیو شارٹ فال پورا کرنے کیلئے منی بجٹ لانے کا مطالبہ کردیا۔ ذرائع نے

(بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)



بھمبر، وزیراعظم شہباز شریف منعقدہ سیمینار سے خطاب کررہے ہیں

ہماری حکومت نے دانش سکولز سسٹم کا دائرہ کار آزاد کشمیر تک پھیلا دیا، شہباز شریف

پاکستان مقبوضہ کشمیر میں بھارتی بربریت کے خاتمے تک کشمیریوں کی سیاسی وسفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گا، کشمیر جلد آزاد ہوگا، کشمیریوں کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی

آزاد کشمیر کے تمام اضلاع میں بنایا جائے گا، بھارت اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق کشمیریوں کو حق خود ارادیت فراہم کرے، وزیراعظم پاکستان کا خطاب

بھمبر (آئی این پی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ ہماری حکومت نے دانش سکولز سسٹم کا دائرہ کار آزاد کشمیر تک پھیلا دیا ہے جس سے مستحق اور نادار بچے زیور تعلیم سے آراستہ ہوں گے، جس کا آغاز آج ہم نے آزاد کشمیر کے ضلع بھمبر سے کیا ہے جسکو بعد آزاں آزاد کشمیر کے تمام اضلاع میں بنایا جائے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے بھمبر میں دانش سکول کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر انہوں نے اپنے ہاتھوں نے دانش سکول کا سنگ بنیاد رکھا اس موقع پر وزیراعظم آزاد کشمیر چوہدری انوار الحق بھی موجود تھے شہباز شریف نے کہا کہ بھمبر میں دانش سکول کے قیام سے بھمبر کے پسماندہ اور مستحق بچوں کو خوابوں کی تعبیر کا

(بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

وزارت مذہبی امور نے عازمین حج کی تربیت کے پہلے مرحلے کا شیڈول جاری کردیا

نئے درخواست گزار بینک رسید دکھا کر تربیتی پروگرامز میں شرکت کرسکیں گے، 85 ہزار 560 عازمین حج کو تحصیل کی سطح پر حج تربیت دی جائے گی

عازمین حج ویکیشیڈول کیمطابق تربیتی کیمپوں میں شرکت کریں، عازمین حج دیے گئے شیڈول کے مطابق تربیتی کیمپوں میں شرکت کریں، ترجمان وزارت مذہبی امور

اسلام آباد (آئی این پی) ترجمان وزارت مذہبی امور نے عازمین حج کی تربیت کے پہلے مرحلے کا شیڈول جاری کردیا ہے۔ ترجمان وزارت مذہبی امور کے مطابق 23 جنوری کو بنوں، اسلام آباد، منڈی بہاالدین، شہید بینظیر آباد میں تربیتی پروگرام منعقد ہوں گے، 24 جنوری کو چارسدہ، لکی مروت، اسلام آباد میں عازمین کو تربیت دی جائے گی، 25 جنوری کو اسلام آباد،

(بقیہ 30 رونی صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

بڑا اسکینڈل ہے اگر گاڑیاں خریدی گئیں تو میں نیب میں جاؤں گا، سینیٹر فیصل واڈا

اگر ٹیکس شارٹ فال ختم نہیں کرسکتے تو پھر گاڑیاں نہ خریدیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر گاڑیاں خریدی گئیں تو میں ان کیخلاف نیب میں جاؤں گا

قائمہ کمیٹی خزانہ نے ایف بی آر کو ایک ہزار 10 گاڑیوں کی خریداری سے روک دیا، کمیٹی ارکان نے ایف بی آر حکام پر سوالات کی بوچھاڑ کردی

اسلام آباد (آئی این پی) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی خزانہ نے ایف بی آر کو 6 ارب روپے کی ایک ہزار 10 گاڑیوں کی خریداری روکنے کی ہدایت کردی۔ سینیٹر فیصل واڈا کا کہنا ہے کہ 386 ارب روپے کا ٹیکس شارٹ فال ہے پہلے اسے ختم کریں، اگر گاڑیاں خریدی گئیں تو میں ان کیخلاف نیب میں جاؤں گا۔ ایف بی آر کی طرف سے افسران کیلئے اربوں روپے کی نئی گاڑیاں

(بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وزیراعظم کی کوارڈینیٹر روبینہ خورشید عالم منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

پاک افغان سرحد پر ہتھیاروں کی بڑی کھیپ، پاکستان سمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی گئی

کلاشنکوف کے 9 میگزین اور 244 گولیاں شامل ہیں، لائٹ مشین گن کی 744 گولیاں اور بڑی تعداد میں لنکرز بھی برآمد کیے گئے ہیں

فتنہ الخوارج کی قیادت اور اس سے منسلک دہشت گردوں کی افغانستان میں موجودگی افغان طالبان اور فتنہ الخوارج کی ملی بھگت کا واضح ثبوت ہے

اسلام آباد (آئی این پی) سکیورٹی فورسز نے پاک افغان سرحد پر بھاری ہتھیاروں کی بڑی کھیپ کی پاکستان میں سمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی۔ ذرائع کے مطابق پاک افغان سرحد سے متصل غلام خان بارڈر ٹرمینل پر سکیورٹی فورسز نے اسلحہ بردار ٹرک قبضے میں لیا تھا، یہ کارروائی 8 جنوری کو کی گئی تھی، ٹرک سے جدید ساخت کا غیر ملکی اسلحہ اور میگزین برآمد کرلیے گئے ہیں، جنہیں

(بقیہ 36 ونی صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، سیکرٹری برائے کلائمٹ چینج عائشہ حمیرہ منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

قومی اسمبلی اجلاس میں اپوزیشن کا شور شرابہ، ایجنڈے کی کاپیاں پھاڑ دیں، ایوان نعروں سے گونج اٹھا

اسلام آباد (آئی این پی) قومی اسمبلی کے بدھ کو اسپیکر ایاز صادق کی صدرارت میں ہونے والے اجلاس میں ایک بار پھر اپوزیشن نے شور شرابہ شروع کردیا اور ایجنڈے کی کاپیاں پھاڑ دیں۔ اپوزیشن اراکین کے نعروں سے ایوان گونج اٹھا۔ اجلاس شروع ہوا

(بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

آئندہ الیکشن سے قبل اوورسیز پاکستانی ووٹنگ کیس کا فیصلہ کردینگے، جسٹس جمال مندوخیل

اسلام آباد (آئی این پی) سپریم کورٹ کے آئینی بنچ میں اوورسیز پاکستانیوں کے ووٹ سے متعلق کیس کی سماعت دوران جسٹس جمال مندوخیل نے ریمارکس دیئے کہ آئندہ الیکشن سے قبل اوورسیز پاکستانی ووٹنگ کیس کا فیصلہ کردیں گے۔ جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں قائم آئینی بنچ میں اوورسیز پاکستانیوں کے ووٹ سے متعلق کیس کی سماعت کی، سربراہ عوامی مسلم لیگ شیخ رشید احمد عدالت میں پیش ہوئے۔ سابق وفاقی وزیر شیخ رشید کے وکیل نے مقف اپنایا کہ کیس میں اوورسیز

(بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

سندھ حکومت کی ترجمان تحسین عابدی کی ایس ایس پی سٹی عارف عزیز سے ملاقات

سندھ حکومت اور فیوا میں ڈیڈ لاک قرار

جنرل سیکریٹری فیوا سندھ پروفیسر ناگ راج کا کہنا ہے کہ سندھ کی جامعات میں کمیشن پاس یا بیوروکریٹ کی وائس چانسلر تعیناتی قبول نہیں کریں گے

جامعات میں پانچویں روز بھی تدریسی عمل معطل لاکھوں طلبہ کا مستقبل داؤ پر لگ گیا، اساتذہ کی جانب سے 17 سے زائد سرکاری جامعات کے ترمیمی ایکٹ کے خلاف احتجاج کا سلسلہ جاری ہے

کراچی (آئی این پی) سندھ حکومت اور فیوا سندھ کے درمیان ڈیڈ لاک کے باعث 5 روز سے جامعات میں تدریس کا عمل معطل ہے۔ جامعہ کراچی سمیت سندھ کی سرکاری جامعات میں لاکھوں طلبہ کا مستقبل داؤ پر لگ گیا۔ اساتذہ کی جانب سے 17 سے زائد سرکاری جامعات کے ترمیمی ایکٹ کے خلاف احتجاج کا سلسلہ جاری ہے۔ سندھ کی جامعات کے اساتذہ کی تنظیم

(بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

ڈیوس، وفاقی وزیر سینیٹر محمد اورنگزیب ورلڈ اکنامک فورم کے اراکین سے ملاقات کررہے ہیں

تحسین عابدی نے اغوا ہونے والے بچوں کی جلد بازیابی کے لیے ایس ایس پی سٹی کو ہدایت کی

ترجمان سندھ حکومت تحسین عابدی نے ملاقات میں اغوا ہونے والے بچوں کی بازیابی کے لیے کیے جانے والے اقدامات کا جائزہ لیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ حکومت کے ترجمان تحسین عابدی نے میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کراچی سے اغوا ہونے والے بچے جلد بازیاب کرائے جائیں گے۔ تحسین عابدی کا کہنا تھا کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی خصوصی ہدایت کی ہے کہ مغوی بچوں کو جلد بازیاب کرایا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے بچوں کے اغوا کے بڑھتے ہوئے واقعات کے حوالے سے تھانوں

(بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

پارلیمنٹ کے ہر اجلاس پر ساڑھے 6 کروڑ خرچ ہوتے ہیں، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (آئی این پی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ آج پارلیمان کا 89 واں دن ہے، تاہم تیکنیکی طور پر 120 دن ہوگئے، پارلیمنٹ کے ہر اجلاس پر ساڑھے 6 کروڑ

(بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

اہم قانون سازی، پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس کل بلائے جانے کا امکان

ذرائع کے مطابق حکومت نے اراکین قومی اسمبلی اور سینیٹ کو اسلام آباد میں موجود رہنے کی ہدایت بھی کردی

اسلام آباد (آئی این پی) پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس کل 24 جنوری کو بلائے جانے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس 24 جنوری (جمعہ) کو صبح 10 بجے بلایا جائے گا، مشترکہ اجلاس میں اہم قانون سازی کی منظوری کا امکان ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس بلانے کی ایڈوائس صدر مملکت آصف علی زرداری کو بھجوا دی۔ پارلیمانی ذرائع کا کہنا ہے کہ یہ قوانین

(بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

وفاقی کابینہ کا خصوصی اجلاس آج بلانے کا فیصلہ

کابینہ کے زیر التوا ایجنڈے سمیت اہم قومی اور انتظامی امور پر بحث کی جائے گی

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی کابینہ کا خصوصی اجلاس آج (جمعرات کو) بلانے کا فیصلہ کیا گیا ہے جس میں اہم قومی اور انتظامی امور زیر بحث آئیں گے۔ ذرائع کے مطابق وفاقی کابینہ کا اجلاس وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت منعقد ہوگا جس میں کابینہ کے زیر التوا ایجنڈے پر غور کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق گزشتہ روز کے کابینہ اجلاس کا ایجنڈا پورا نہ ہوسکا، وزیراعظم کابینہ اجلاس کے شرکا سے اہم گفتگو بھی کریں

(بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

سابق وزیراعظم پاکستان محمد علی بوگرہ کی برسی آج منائی جائے گی

اسلام آباد (آئی این پی) سابق وزیراعظم پاکستان محمد علی بوگرہ کی برسی 23 آج جنوری کو منائی جائے گی وہ ملک خداداد پاکستان کے تیسرے وزیراعظم تھے جو کہ 1953ء سے 1955ء تک وزیراعظم کے منصب پر فائض رہے۔ اس دن کے حوالے سے

(بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

وزیر داخلہ محسن نقوی کی امریکی کانگریس مین سے ملاقات

امریکا کے ساتھ تمام شعبوں میں مزید اشتراک چاہتے ہیں، آپ کے دورہ پاکستان سے باہمی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے میں مدد ملے گی

دوطرفہ تعلقات کو فروغ دینے پر اتفاق، امریکا پاکستان کا انتہائی اہم معاشی و دفاعی شراکت دار ہے، امریکا کے ساتھ دوطرفہ تعلقات کو خصوصی اہمیت دیتے ہیں

واشنگٹن (آئی این پی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کانگریس مین تھامس رچرڈ سوازی اور کانگریس مین جیک برگمین سے ملاقات کی جس میں پاک امریکا تعلقات کو فروغ دینے پر اتفاق کیا گیا۔ کانگریس مین تھامس رچرڈ سوازی کا تعلق ڈیموکریٹک جبکہ کانگریس مین جیک برگمین کا تعلق ری پبلکن پارٹی سے ہے۔ واشنگٹن میں پاکستانی کاکس کے ممبر تھامس رچرڈ سوازی اور کو

(بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

جتنا مرضی ظلم کرلو، گواہی نہیں دوں گا، 30 سال کے رازشبوتوں کیساتھ محفوظ ہیں، ملک ریاض

اسلام آباد (آئی این پی) چیئرمین بحریہ ٹاؤن ملک

(بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

پنجاب دریائے سندھ سے اپنے حصے کے پانی پر نہریں بنا رہا ہے، سینیٹر عرفان صدیقی

پانی کی تقسیم 1991 کے معاہدے کے اندر ہے تو یہ جرم نہیں ہے، سینیٹ میں اظہار خیال

اسلام آباد (آئی این پی) مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر عرفان صدیقی نے کہا ہے کہ پنجاب دریائے سندھ سے ایک بوند اضافی لیے بغیر اپنے حصے کے

(بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے قومی اسمبلی اجلاس کے دوران رکن پارلیمنٹ مصافحہ کررہے ہیں

جسٹس (ر) فقیر محمد کھوکھر لاپتا افراد کمیشن کے نئے سربراہ مقرر

قانون تو پہلے سے موجود ہے، کسی کو لاپتا کرنا جرم ہے، کسی نے جرم کیا ہے تو ٹرائل کریں، جرم نہیں کیا تو چھوڑ دیں

اسلام آباد (آئی این پی) حکومت نے جسٹس (ر) فقیر محمد کو لاپتہ افراد کمیشن کا سربراہ مقرر کردیا۔ سپریم کورٹ میں کیس کی سماعت کے دوران ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے عدالت کو بتایا کہ حکومت نے جسٹس ریٹائرڈ جاوید اقبال کی جگہ جسٹس (ر) فقیر محمد کھوکھر کو لاپتہ افراد کمیشن کا سربراہ مقرر کردیا ہے۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے عدالت میں کہا کہ حکومت قانون سازی کے ذریعے لاپتا افراد ٹریبونل بنانا چاہتی ہے اور قانون سازی کیلئے کابینہ کمیٹی کام کررہی ہے۔ اس موقع پر جسٹس جمال مندوخیل نے کہا کہ قانون تو پہلے سے موجود ہے، کسی کو لاپتا کرنا جرم ہے، کسی نے جرم کیا ہے تو ٹرائل کریں، جرم نہیں کیا تو چھوڑ دیں۔ حکومت نے جسٹس (ر) فقیر محمد کو لاپتہ افراد کمیشن کا سربراہ مقرر کردیا۔ سپریم کورٹ میں کیس کی سماعت کے دوران ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے عدالت کو بتایا کہ حکومت نے جسٹس ریٹائرڈ جاوید اقبال کی جگہ جسٹس (ر) فقیر محمد کھوکھر کو لاپتا افراد کمیشن کا سربراہ مقرر کردیا ہے۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے عدالت میں کہا کہ حکومت قانون سازی کے ذریعے لاپتا افراد ٹریبونل بنانا چاہتی ہے اور قانون سازی کیلئے کابینہ کمیٹی کام کررہی ہے۔ اس موقع پر جسٹس جمال مندوخیل نے کہا کہ قانون تو پہلے سے موجود ہے، کسی کو لاپتا کرنا جرم ہے، کسی نے جرم کیا ہے تو ٹرائل کریں، جرم نہیں کیا تو چھوڑ دیں۔ حکومت نے جسٹس (ر) فقیر محمد کو لاپتہ افراد کمیشن کا سربراہ مقرر کردیا۔ سپریم کورٹ میں کیس کی سماعت کے دوران ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے عدالت کو بتایا کہ حکومت نے جسٹس

پاکستانی طلبا کی چین میں جدید زرعی تربیت کا خرچ حکومت اٹھائے گی، شہباز شریف

چین پاکستان کا دیرینہ دوست ہے، زرعی شعبے میں اسکی ترقی بے مثال ہے، وزیراعظم کی زیر اجلاس کی صدارت

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ پاکستانی طلبا کی چین میں جدید زرعی تربیت کا خرچ حکومت اٹھائے گی۔ وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت چین میں جدید زراعت کی تربیت کے حصول کیلئے جانے والے پاکستانی طلبا و طالبات کے حوالے سے جائزہ اجلاس ہوا۔ دوران اجلاس وزیراعظم نے زرعی شعبے کی تربیت کے لئے بھیجے جانے والے طلبا کے انتخاب میں شفافیت اور میرٹ کو اولین ترجیح دینے کی ہدایت کی، پورٹل سے درخواستوں کی سکروٹنی کے دوران سلیکشن سے متعلق شکایات کے ازالے کیلئے کمیٹی بنانے کی بھی حکم دے دیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ چین پاکستان کا دیرینہ دوست ہے جس کی زرعی شعبے میں ترقی بے مثال ہے، دورہ چین کے دوران چینی قیادت سے زرعی شعبے میں پاکستانی طلبا کی جدید تربیت کی درخواست کی تھی، پاکستانی طلبہ کی چین میں جدید زرعی تربیت کا پورا خرچ حکومت پاکستان اٹھائے گی۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ زرعی شعبے کی جدید تربیت کیلئے چین جانے والے طلبا و طالبات میں 10 فیصد خصوصی کوٹہ بلوچستان کے طلبا کیلئے مختص

(بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)

کوئی بھی سرکاری محکمہ ڈیجیٹل نہیں ہونا چاہتا، شزہ فاطمہ

قومی اسمبلی قائمہ کمیٹی آئی ٹی کا اجلاس، ڈیجیٹل نیشن پاکستان بل 2024 منظور، بل کے حق میں 10 اور 6 مخالفت میں ووٹ آئے، پی ٹی آئی کی مخالفت

ہمیں خود فیصلہ کرنا ہوگا کہ رشوت کے بازار کو ختم کرنا ہے یا نہیں؟، اگر رشوت کو ختم کرنا، اور نظام میں شفافیت لانی ہے تو ڈیجیٹل ہونا پڑے گا، وزیر مملکت آئی ٹی کا قائمہ کمیٹی اجلاس میں اظہار خیال

اسلام آباد (آئی این پی) قومی اسمبلی قائمہ کمیٹی برائے آئی ٹی اینڈ ٹیلی کام نے ڈیجیٹل نیشن پاکستان بل 2024 منظور کرلیا تاہم پاکستان تحریک انصاف نے بل کی مخالفت کی۔ وزیر مملکت شزہ فاطمہ نے انکشاف کیا ہے کہ کوئی بھی سرکاری محکمہ ڈیجیٹل نہیں ہونا چاہتا، مجھے سرکاری اداروں کی ڈیجیٹائزیشن کے لیے جنگ لڑنا پڑ رہی ہے، ہمیں خود فیصلہ کرنا ہوگا کہ رشوت کے

(بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

ملک میں خانہ جنگی کو فروغ نہ دیا جائے، تحریک انصاف کنگز کورٹ کے فیصلوں کو تسلیم نہیں کریں گے، سینیٹر فیصل جاوید

اسلام آباد (آئی این پی) پی ٹی آئی رہنما سینیٹر فیصل

(بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

پیمرا کے اختیارات کیس کا 26 ویں ترمیم سے تعلق نہیں، کوئی خود سے ڈرے تو الگ بات ہے، جسٹس منصور کے ریمارکس

جو عدالتی معاونین مقرر کیے گئے، وہ 26 ویں ترمیم چیلنج کرنے والے وکلا ہیں، اٹارنی جنرل منصور عثمان اعوان نے اعتراض اٹھا دیا

اسلام آباد (آئی این پی) پیمرا کے اختیار کا کیس سماعت کے لیے مقرر نہ کرنے پر توہین عدالت کے کیس میں اٹارنی جنرل نے سپریم کورٹ کی

(بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

گیس لائن پیک پریشر خطرناک حد تک بڑھ گیا، پائپ لائن پھٹنے کا خطرہ

جو 31 جنوری 2025 تک جاری نہر کی بندش کی وجہ سے 1000 میگاواٹ سے کم ہورہی ہے

اسلام آباد (آئی این پی) جنوری کے مہینے میں شدید سردی کے موسم میں مین گیس پائپ لائن میں لائن پیک پریشر دوبارہ بڑھ کر 5.26 ارب کیوبک فٹ (بی سی ایف) ہوگیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق لائن پیک پریشر بڑھنے سے قومی گیسنیٹ ورک کا نظام خطرے میں پڑ گیا ہے جیسا کہ 5 بی سی ایف حد سے تجاوز کرنے پر خطرے کا نشان ہے جس سے پائپ لائن کسی بھی وقت پھٹ سکتی ہے۔ گیس لائن پیک کے بارے میں تازہ ترین اعداد و شمار کے مطابق گھریلو شعبے کی گیس کی طلب 950 ایم ایم سی ایف ڈی تک بڑھ گئی ہے اور 450 ایم ایم سی ایف ڈی کی آر ایل این جی کو رہائشی صارفین کی جانب موڑا جارہا

(بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

دہشت گردی کے خلاف پُرعزم

پاک فوج کے سربراہ جنرل عاصم منیر نے اپنے دورہ پشاور کے دوران خیبر پختونخوا کی مختلف سیاسی جماعتوں سے تعلق رکھنے والے سیاستدانوں سے ملاقات کی، اس موقع پر شرکاء نے دہشت گردی کے خلاف ایک متفقہ سیاسی آواز اور عوامی حمایت کی ضرورت پر زور دیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق سیاسی نمائندوں نے دہشت گردی کے خلاف قوم کی جنگ میں مسلح افواج اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی غیر متزلزل حمایت کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے اس بات پر اتفاق کیا کہ انتہاء پسند فلسفے کے خاتمے کے لئے سیاسی اختلافات سے بالاتر ہو کر متحد ہونا ضروری ہے۔ اس موقع پر آرمی چیف نے کہا تھا کہ اُمت خراب کرنے والوں کی کسی بھی کوشش کا فیصلہ کن جواب دیا جائے گا، افواج نے دہشت گردوں کے اہم لیڈروں کو تعاقب کر کے نہیں ختم کیا ہے، اُن کے نیٹ ورک اور انفراسٹرکچر کو تباہ کر کے یہ پیغام دیا کہ دہشت گردی کی پاکستان میں کوئی جگہ نہیں ہے، یہ جنگ منطقی انجام تک جاری رہے گی، وشمن اختلاف اور خوف کے جال بونے کی کوشش کر سکتا ہے تاہم ایسے عناصر سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا اور وہ مزید بھاری نقصان اٹھائیں گے۔ اُنہوں نے ہر آپریشن کو سیکیورٹی فورسز کے عزم، پیشہ ورانہ صلاحیت اور تیاری کا ثبوت قرار دیتے ہوئے کہا کہ پاک فوج کے جوان مادر وطن کی خودمختاری کے تحفظ کے لئے پُرعزم ہیں، تمام قانون نافذ کرنے والے ادارے اب تا قابل شکست قوت کے طور پر متحد ہیں اور شیطانی قوتوں کے خلاف کھڑے ہیں۔ اس سے قبل آرمی چیف کو ملکی سیکیورٹی کی صورتحال اور فتنہ الخوارج کے خلاف جاری آپریشنوں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی جس میں وفاقی وزیر داخلہ اور وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا بھی موجود تھے۔ واضح رہے کہ پاکستان کی سول اور ملٹری سیکیورٹی فورسز کے لیے 2024ء کا مشکل سال رہا کیونکہ گزشتہ ڈھائی ایک دہائی کے دوران مہلک ترین سال ثابت ہوا۔ سینٹر فار ریسرچ اینڈ سیکیورٹی سٹڈیز (سی آر ایس ایس) کی سالانہ سیکیورٹی رپورٹ 2024ء کے مطابق ملک بھر میں 444 دہشت گرد حملے ہوئے، مجموعی طور پر ایک ہزار 612 شہادتیں ہوئیں جن میں سے 685 سیکیورٹی فورسز کے اہلکار تھے اور 934 دہشت گرد فورسز کی کارروائیوں میں مارے گئے۔ سی آر ایس ایس کے مطابق 2023ء کے مقابلے میں 2024ء میں پُرتشدد واقعات میں 66 فیصد سے زائد اضافہ ہوا۔ بعض بہتریں اس اضافے کو علاقائی حالات میں تبدیلی اور پاکستان کی داخلی سیاسی کشمکش کے تناظر میں دیکھتے ہیں، اُن کی نظر میں ملک میں جاری سیاسی عدم استحکام اُمن و امان کی گہرتی صورتحال اور دہشت گردی کے واقعات میں اضافے کا بہت بڑا سبب ہے جبکہ بعض کے نزدیک اس کی اہم وجہ اسلام آباد کے افغانستان میں برسرِ اقتدار طالبان سے تعلقات میں کشیدگی ہے جس سے پاکستان مخالف عسکریت پسندوں کو کارروائیوں میں تیزی لانے کا موقع ملا۔ پاکستان نے دہشت گردی پر کافی حد تک قابو پا لیا تھا، حالات بہتر ہو گئے تھے لیکن اس میں اُس وقت دوبارہ اضافہ ہو گیا جب تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) کے دہشت گردوں کو واپس لا کر پاکستان بسایا گیا۔ یہ لوگ گزشتہ چند سالوں کے دوران یہاں پر کارروائیوں میں براہِ راست یا بالواسطہ ملوث رہے، افغانستان سے آنے والے دہشت گردوں کے سہولت کار تھے اس کے علاوہ پاکستان سے ڈالر اور گندم سمیت دیگر کھانے پینے کی اشیاء کی افغانستان سمگلنگ میں بھی شامل تھے۔ افغانستان میں موجود ٹی ٹی پی کی محفوظ پناگاہوں کی وجہ سے دہشت گرد پاکستانی سیکیورٹی فورسز پر جتھوں کی صورت میں حملہ آور ہوتے ہیں اور پھر واپس بھاگ جاتے ہیں، انہی کی وجہ سے دہشت گردی کو قابو پانے میں پاکستان کو مشکلات کا سامنا ہے لیکن افغان حکومت اس طرف توجہ نہیں دے رہی، افغان عبوری حکومت کے بننے سے پاکستان نے اُس کا بھرپور ساتھ دیا، ہر مُشکل وقت میں اُس کے ساتھ کھڑا رہا لیکن افغانستان نے اس کا کچھ بھی اچھا جواب نہیں دیا۔ دوحہ معاہدے کے مطابق یہ لازم تھا افغان طالبان اپنی سرزمین سے کوئی بھی ملک کے خلاف دہشت گردی کے لئے استعمال نہ ہونے دیں لیکن اس کی پاسداری ہوتی نظر نہیں آ رہی۔ پاکستان وہاں سے درانداز ی کے خلاف بار ہا اپیل کر چکا ہے، ثبوت سامنے رکھ چکا ہے لیکن افغان عبوری حکومت کسی صورت اس پر کان دھرنے کو تیار نہیں ہے، اسی لئے دونوں ممالک کے تعلقات میں سرد مہری بڑھ رہی ہے اور اب معاملات اس حد تک پہنچ چکے ہیں کہ پاکستان نے افغانستان کے اندر کارروائی کرنی پڑی۔ گزشتہ ماہ پاکستان نے افغان صوبے پکتیکا میں دہشت گردوں کے چار ٹھکانوں کو نشانہ بنایا جس کے نتیجے میں اہم کمانڈروں سمیت درجنوں دہشت گرد مارے گئے۔ گزشتہ ماہ ڈائریکٹر جنرل آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے ایک پریس کانفرنس میں کہا تھا کہ دہشت گردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز روزانہ کی بنیاد پر 179 سے زائد آپریشن کر رہی ہیں جبکہ سال بھر میں لگ بھگ 60 ہزار آپریشن کئے گئے جن میں خوارج سمیت 925 دہشت گردوں کو جہنم واصل کیا، ان میں 27 افغان دہشت گرد بھی شامل تھے۔ اُنہوں یہ کہہ کر پاکستان کی پالیسی واضح کر دی تھی کہ افغان حکام ان خارجی، دہشت گردوں کو پاکستان پر فوقیت نہ دیں، ایک پاکستانی کی جان اور حفاظت افغانستان پر مقدم ہے۔ افغان عبوری حکومت کو پاکستان کے حالات اور مجبوریوں کو سمجھنا چاہئے، اُسے پاکستان اور دہشت گردوں میں سے کسی ایک کو چننا ہوگا، اُس کی تھوڑی سی کوشش سے پاکستان میں درانداز ی رُک سکتی ہے جس سے پاکستان کو ترقی کی راہ کا سفر طے کرنے میں آسانی پیدا ہو سکتی ہے۔ افغان حکومت کو یہ بات سمجھنی چاہئے کہ پاکستان کے حالات بہتر ہونے کا فائدہ افغانستان کو بھی ہوگا، خطے میں امن و استحکام ہوگا تو سب کے لئے ترقی کے راستے کھلیں گے۔ اس وقت پاکستان کی ایک ہی آواز ہے کہ دہشت گردی ناسور ہے، اسے ہر صورت جڑ سے اُکھاڑ پھینکنا ہے، پاکستان کے پاس اس کے سوا کوئی دوسرا راستہ نہیں ہے۔ اس وقت ملک میں آپریشن 'عزم استحکام' جاری ہے، جس کے تحت نارگٹڈ کارروائیاں کی جا رہی ہیں۔ ملکی معیشت کو ترقی کی راہ پر ڈالنے کے لئے ضروری ہے کہ ملک میں اُمن و امان کی صورتحال بہتر ہو جسے یقینی بنانے کے لئے سیکیورٹی فورسز کسی بھی حد تک جانے کو تیار ہیں اور وہ بار بار اس عزم کو دہرا بھی رہی ہے۔ حکومت ملک میں بیرونی سرمایہ کاری لانے کے لئے کوشش کر رہی ہے، کسی حد تک کامیابی بھی مل رہی ہے لیکن اس کے لئے بہت ضروری ہے کہ سرمایہ کاروں کو سازگار ماحول فراہم کیا جائے ورنہ مذکورہ اہداف حاصل کرنا ناممکن ہو جائے گا۔ یہ بات تو طے ہے کہ ملکی معیشت کو درست سمت میں ڈالنے کے لئے امن و امان بنیادی شرط ہے جس کے حصول کے لئے سب کو مل کر قدم آگے بڑھانا ہی ہوگا۔ اہل سیاست نے آرمی چیف کے ساتھ مل کر دہشت گردی کے خلاف ایک متفقہ سیاسی آواز اور عوامی حمایت کی ضرورت پر زور دیا ہے، اس پر عمل بھی لازم ہے۔ ماضی میں یہ ہو چکا ہے، آج بھی اسی جذبے کی ضرورت ہے، تمام سیاسی و عسکری قیادت اور قوم کو ایک ہونے کی ضرورت ہے۔ داخلی جھگڑوں کا فائدہ ہمیشہ ہر جارحیت ملک دشمن عناصر ہی اُٹھاتے ہیں۔

پنجاب بھر میں 4 ماہ کیلئے اسکول ٹیچر انٹرنز بھرتی کرنے کا شیڈول جاری

فیصل آباد (آئی این پی) پنجاب بھر میں 4 ماہ کیلئے اسکول ٹیچر انٹرنز بھرتی کرنے کا شیڈول جاری کر دیا گیا ہے۔ ترجمان محکمہ تعلیم کیطابق درخواستوں کیلئے کل سے آن لائن پورٹل فنکشنل ہو جائے گا، خواہشمند افراد 22 سے 24 جنوری تک بھرتی کیلئے اپلائی کر سکتے ہیں۔ میرٹ لسٹ 25 جنوری کو متعلقہ اسکولوں کے نوٹس بورڈ پر آویزاں کی جائے گی، اسکول ٹیچر انٹرنز کی تعیناتی آرڈر 31 جنوری کو جاری ہوں گے۔ وزیر تعلیم پنجاب کا کہنا ہے کہ تمام درخواستیں آن لائن جمع کروائی جائیں گی۔ پنجاب بھر میں 4 ماہ کیلئے اسکول ٹیچر انٹرنز بھرتی کرنے کا شیڈول جاری کر دیا گیا ہے۔ ترجمان محکمہ تعلیم کیطابق درخواستوں کیلئے کل سے آن لائن پورٹل فنکشنل ہو جائے گا، خواہشمند افراد 22 سے 24 جنوری تک بھرتی کیلئے اپلائی کر سکتے ہیں۔ میرٹ لسٹ 25 جنوری کو متعلقہ اسکولوں کے نوٹس بورڈ پر آویزاں کی جائے گی، اسکول ٹیچر انٹرنز کی تعیناتی آرڈر 31 جنوری کو جاری ہوں گے۔ وزیر تعلیم

ایس یو او نے 87 ہیوز انیوورسٹی سائنس پروجیکٹ سولر سسٹم کی تنصیب کا کامیابی سے افتتاح کر دیا

مظفر آباد (آئی این پی) انجینئرنگ کیمیکلز انٹرنیشنل (ایس یو او) نے 87 ہیوز انیوورسٹی سائنس (یو ٹی ایس) سائنس پروجیکٹ سولر سسٹم کی تنصیب کا کامیابی سے افتتاح کر دیا ہے۔ یہ اقدام ہلکی ہی طویل بجٹ کے دوران بالخصوص ٹیکنیکل ایجوکیشن بنانے کے لیے اٹھایا گیا ہے، جس سے دور دراز علاقوں میں نیٹ ورک کی کارکردگی میں نمایاں بہتری آئی ہے۔ سولر پاورڈ سسٹم کے نفاذ سے ٹاورز کے آپریشنل اوقات میں اضافہ ہوا ہے، جس سے مقامی آبادی کو بالخصوص دیہی علاقوں میں بہتر کوریج ملے گی۔ یہ منصوبہ پائیدار اور قابل قدر سروسز مواصلاتی انفراسٹرکچر کی تعمیر کی جانب ایک پُرعزم قدم ہے جو دور افتادہ علاقوں کی ضروریات کو پورا کرتا ہے۔ اس منصوبے کا افتتاح ڈی جی ایس سی او نے کیا، جنہوں نے ٹیکنیکل ٹیم کی کوششوں کو بہتر بنانے اور مقامی آبادی کے لیے سہولت فراہم کرنے کی کوششوں پر کیم کی تعریف کی۔ ڈی جی ایس سی او نے مظفر آباد میں موجود ٹیلیکوم انفراسٹرکچر کی ٹیم سے ملاقات کی، جو ظفر آباد سافٹ ویئر ٹیکنالوجی پارک میں اپنی پہنچ کے قیام سے اپنی جدوجہد کا آغاز کر چکی ہے اور کاروباری صلاحیت کا شاہکار متعارف کروا رہی ہے۔ اس کی محنت نے قومی سطح پر نمایاں ایک ممتاز مقام دلایا، جہاں انہوں نے 1,500 سے زائد مقابلوں میں حصہ لیا، دائمی اسٹارٹ اپس کی دوڑ میں پہلا انعام حاصل کیا۔ اس ملاقات

بہن ہونے کا دعویٰ عمران اشرف کا رڈعمل سامنے آگیا

لاہور (آئی این پی) معروف اداکار اور میزبان عمران اشرف کی سپید بہن، شازیہ اشرف اعوان، کا ایک بیان سوشل میڈیا پر زیر بحث ہے، جس میں انہوں نے خود کو عمران اشرف کی حقیقی بہن قرار دیا ہے جو اہم اداکار نے اس پر اپنا ردعمل دے دیا ہے۔ تاہم عمران اشرف نے خاتون کے دعوے کو مسترد کرتے ہوئے اس کی تردید کی ہے۔

1

تھانہ۔ یاد رہے کہ آصف علی زرداری نے دورہ بھیں کیلئے گزشتہ سال نومبر میں جنا تھا مگر پاں فرنچیٹر ہونے کے باعث دورہ ملتوی کر دیا گیا تھا۔

2

دی گئی ہے کہ حالیہ گھ ماہ کے دوران سیکٹروں اسٹیفے ضع کرائے جا چکے ہیں، اور بہت سے دیگر بند مہر مستقبل ہونے کا ارادہ رکھ چکے ہیں، اور اس رحان کی بنیادی وجہ 2016 سے جنود کی ضافتی بڑھ رہی ہے، ہم اضافہ ارادتا کافی فوائد میں۔ موجودہ ومیگاٹی اور ڈیسکرز کے حساب سے ہم اور دیگر مراحلت وایڈجسٹ تبین کیا گیا۔ خط کے مطابق تقابلی طلبہ پران پیشہ وار افراد کو بطیٹی کردہ معاوضہ مارکیٹ کے معیارات سے کافی کم ہے، ہوائی جہاز کے ایجنٹر فی الحال عالمی اور بین الاقوامی ہوابازی کی تنظیموں کی طرف سے پیش کی جانے والی تنگوا ہوں کا تقریباً دسواں اور بیسواں حصہ کما تے ہیں۔ پاکستانی ایئر کرافٹ انجینئرز کی تنخواہ ڈھائی لاکھ سے 3 لاکھ اور جاپان کی 50 ہزار سے 90 ہزار کے بھگ ہے، جب کہ خلیجی ممالک میں انجینئرز کی تنخواہ 25 لاکھ اور کینیڈا کی 9 لاکھ روپے تنخواہ ہے۔ خط میں کہا گیا کہ اس فوری مسئلے کو حل کرنے کے لیے درج ذیل اقدامات تجویز کیے جا سکتے ہیں: موجودہ مارکیٹ کے معیارات اور افراط زر کے مطابق تنخواہ کے ڈھانچے پر نظر ثانی کی جائے، تعداد افوانی اور برقرار رکھنے کے کیریئر کی ترقی کے مواقع متعارف کروائے جائیں، تکنیکی عملے کے معیاری ترکیہ کو بہتر بنانے کے لیے فوائد میں اضافہ کیا جائے، بشمول بائسنگ، میڈیکل کوریج، اہلیت کے اثسر اور پنشن۔ اور اس اہم ہوابازی قوت کی حفاظت اور بہتر برقرار رکھنے کے لیے فیصلہ کن اقدامات کیے جائیں گے۔ اس معاملے کو اہل ترجیح دی جائے تو آئی اے آپریشنز بہتری ہوگی، بلکہ یورپ اور برطانیہ میں آپریشنز کی بحالی سمیت آنے والے چیلنجوں سے بھی نمٹا جا سکے گا۔

3

جوڈیشل کمیشن پر اعتراض نہیں ہے، یہ آج 9 مئی اور 26 نومبر کا کمیشن مانگ رہے ہیں جبکہ آئی سی ٹی کا سلاسل ہو چکا ہے۔ درخواست دہندگان پی ٹی آئی سول نافرمانی کی تحریک چلانا چاہتے ہیں، سرکار نے جی ایف ایچ کیم چھیے بھیجا بند کیس ہے، لوگوں نے گرم پانی سے نہانا ہوتا ہے، وہ لوگ کیس کے بعد کیل بھرنا کیس ہے، پاکستان کے خلاف اچھی زبان استعمال نہیں کرتا، ہمارا امریکا کے ساتھ تعلق ہے، جنہیں کسی کی مناسبت سے پتا تعلق دیکھنا ہے۔ کہا گیا تھا کہ پی ٹی آئی پر پابندی کرنا مشکل ہے، میں نے مذاکرات کے حق میں ہوں لیکن مذاکرات ایسے فوٹ پرنٹ ہونے چاہئیں جن سے پی ٹی آئی پر پابندی کیا جا سکے، پابندی پی ٹی آئی قابل اعتبار ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی سیاستدانوں سے بات کیسے نیارت نہیں، اب ہم بات کر رہے ہیں، پی ٹی آئی کہتی ہے ہم پوش کر رہے ہیں۔ خوابہ آصف نے پی ٹی آئی بنائا چاہیے، پی ٹی آئی پاچ ہزار کا تیلا ہے، 2014 کی دھرنا دیا، اس وقت کیمپ بنائا چاہیے، پی ٹی آئی پاچ ہزار کا تیلا ہے، 2014 کا دھرنا جنرل (ر) پاشا اور جنرل (ر) ظہیر اسلام نے کرایا تھا۔

4

تاکہ اس کھیل میں پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان معاشی صورتحال پر رابطہ ہوا۔ جمہوریہ ازبکستان میں بجٹ لائیگی آئی ایم ایف کی تجویز مسترد کر دی گئی، انہوں نے آئی کو خارجی بولا ہے یہ رسانیوشارٹ فال پورا کرنا کی بولا ہے۔ ذرائع ایف ایف آرٹ نے بتایا ریونیو شارٹ فال پورا کرنے کیلئے آئی ایم ایف سے مالیاں شیئر کر دیا ہے۔ پاکستان آئی ایم ایف سے کنسیڈر اور ڈسٹ شیئر فوری طور پر جاری کی، فوری شیئر کی کیٹیگری سے نکلیں اور ڈیوٹی میں اضافہ کیا جائے، مثلاً پان کیلئے اقدامات کیے جائیں گے اور لیگیں چوروں کیلئے انفورسمنٹ صلاحیت میں بہتری کی جائے۔ ذرائع نے بتایا کہ پاکستان کے ساتھ انڈسٹریل سیکٹر سے ٹیکس وصولی بہتر بنائی جا چکی، ٹیکسوں سے متعلق عدالتوں میں کیسز کو ڈسپوزل کیا گیا تھا۔ ٹیب پوٹ پاکستان کا تھا ان کا تھا کہ ٹیب ایک ایسا ہے جو قانون کے مطابق چلتا ہے، نیب نے تمام فیوڈل کے ساتھ ان لوگوں پر ہاتھ ڈالا ہے، نیب کے پریس ریلیز جاری ہی ہے باوجود نیب کے کہ کہ شوکاوی اور افراد آنوبیب نے ڈالے ہیں، بلکہ وہ ایڈوائیز دے رہے ہیں کہ ہم انویسٹ کریں کہ وہ سی ای او کے اندر کے لوگوں کا کہنا تھا کہ ٹیب پوٹ مزید کہنا تھا کہ عدالت کے سامنے کوئی ٹھوس ثبوت پیش نہیں کیا جا رہا ہے، اس کیس میں تمام قانونی اونارمیاں شامل ہو رہے ہیں۔ وفاقی وزیر اطلاعات اور جدید ٹیکنالوجی کے بڑھنے پر مجبور ہیں۔ آج جی ڈی پی دنیا کے ترقی کے ساتھ ساتھ ہو جائیں تو اسکول میں داخل نہ ہونے کا پیکر ایسی عمومی تعلیم مکمل کرنے کا موقع ملے گا۔

6

